قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (ص) خَيْرُ كُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهُ

رسول اللہ (ص) نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو سیکھائے

معلّم تجوید (حصّہ دوم)

خود سے قرآن ناظرہ سیکھانے والی کتاب

نیز مشق کے لیے DVD & CD کے ساتھ

از

پروفیسر علامہ غلام صابر

ایسوسی ایٹ انجینئر، فاضل عربی، سلطان الافاضل، الواعظ،

بی ایڈ، ایم اے اسلامیات، ایم اے انگلش (پنجاب یونیورسٹی)

مصباحُ الدُّجیٰ یونیورسٹی نیاز بیگ (ٹھوکر) لاہور پاکستان

www.mu.edu.pk E-Mail:misbahudduja@yahoo.com

Phone: 042-36127790 0300-7473505

کتاب .... معلّم تجوید (حصّہ دوم)

اہتمام .... پروفیسر علامہ غلام صابر

کمپیوٹر انجینئرز .... ضیغم علی، شوذب علی، شواب علی

کمپوزنگ .... جامعہ مصباح الدجی کی طالبات:

۱۔سیدہ انعم بخاری ۲۔سلویٰ بتول ۳۔علیہ زینب ۴۔فضہ بتول

زیر نگرانی: شمسہ زہراء

ناشر .... مصباح الدجی یونیورسٹی (شعبہ پبلیکیشن)

اشاعت .... 15 مارچ 2011ء

تعداد 1100

ہدیہ ....

پیغام

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے وہ گھر جس میں مسلمان رہتے ہوں اور تلاوت قرآن کرتے ہوں وہ گھر اہل آسمان کو ایسا ہی نظر آتا ہے جیسا کہ اہل زمین کو کوکب دری نظر آتا ہے۔ اس گھر میں برکت نازل ہوتی ہے اور ملائکہ رحمت کا نزول ہوتا ہے۔ (کشف الغطا)

آغا سید ین موسوی

چانسلر مصباح الدجی یونیورسٹی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

معلم تجوید گائیڈ

یہ مجموعہ خدا کے لطف اور جدید ترین ماہرین کے مآخذ سے استفادہ کرتے ہوئے 4 سال کی مدت میں عربی مخارج اور بنیاد علم تجوید جو اصل عربی لہجہ کو بیان کرنے والا ہے خصوصاً نزول وحی کے زمانہ کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام ماہرین فن استادوں کی نظروں سے گزرا اور عالمی مقابلوں کے ججوں سے استفادہ کرتے ہوئے اہل ذوق کے لیے اس امید سے پیش کیا جارہا ہے۔ کہ خدا کے حضور شرف قبولیت پائے۔ اس تیاری سے انصار دین اللہ کے شکرگزار ہیں۔

معلم تجوید کے مراحل

☆ معلم تجوید کو فارسی زبان میں جناب محمد رضا ستودہ نیا (اصفہان) نے ترتیب دیا۔ انہوں نے دس سال دینی مدرسہ میں تعلیم حاصل کی الہیات اور علوم قرآن میں ماسٹرز کیے قرآن کے عالمی مقابلوں میں جج رہے۔

☆ پاکستان میں قرآن فاؤنڈیشن کو اردو زبان میں اس کی CD پیش کرنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔

☆ مصباح الدجی یونیورسٹی نے مومنین و مومنات کے مزید استفادہ اور بالخصوص سکولز، کالجز اور دینی مدارس کے طلبہ و طالبات کے لیے اسے کتابی شکل میں پیش کیا نیز مشق کے لیے قرآنی آیات کا اضافہ بھی کیا۔

☆ تجوید کا یہ پروگرام دنیا کے مختلف ملکوں میں بھی پیش کیا گیا ہے۔

فہرست

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
درس 1	ترتیل و تجوید سے آگاہی اور ان کی اہمیت	9
درس 2	اعضاء آواز، نظام آواز	11
درس 3	تلفظ حروف (ع، ح، غ)	17
درس 4	تلفظ حروف (ض ط ص)	21
درس 5	تلفظ حروف (ذ ث ظ و)	25
درس 6	مقاسیہ حروف	30
درس 7	صفات حروف (استعلاء، قلقلہ)	35
درس 8	احکام نون ساکن وتنوین (ادغام، اظہار، اقلاب، اخفاء)	39
درس 9	اخفاء، احکام میم ساکن، غنہ کے احکام	44
درس 10	ادغام	50
درس 11	احکام مد	54
درس 12	احکام ھاء	60
درس 13	احکام راء	63
درس 14	احکام لام۔ اہم نکات	67
	تتمہ ، رموز واوقاف ، قرآن مجید کے سجدے	72

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
مشق 1	سورة البقره آیت 5 تا 8	78
مشق 2	سورة الحاقة آیت 1 تا 7	79
مشق 3	سورة الفجر آیت 15 تا 18	80
مشق 4	سورةالصف آیت 6 تا7	81
مشق 5	سورة بنی اسرائیل آیت 23 تا 24	82
مشق 6	سورة الفجر آیت 23 تا 30	83
مشق 7	سورة الرحمن آیت 9 تا 13	84
مشق 8	سورة الرحمن آیت50 تا55	85
مشق 9	سورہ روم آیت 1 تا 5	86
مشق 10	سورة البلد آیت17 تا 20	87
مشق 11	سورة البلد آیت 1 تا 7	88
مشق 12	سورة الملک آیت28 تا 30	89
مشق 13	سورة الفاتحة	90
مشق 14	سورة الانفال آیت1 تا 2	91
مشق 15	سورةالرحمن آیت14 تا 21	92
مشق 16	سورة المدثر آیت52 تا 56	93
مشق 17	سورہ ق آیت1 تا 5	94
مشق 18	سورة الکوثر	95

ھدایات

☆علم تجوید میں مہارت حاصل کرنے کے لیے مختلف الفاظ کی ادائیگی کی مشق زیادہ سے زیادہ کریں۔جس کے لیے آڈیو، وڈیو یا C.D سے استفادہ ضرور کریں۔

☆اسباق کو پڑھنے میں جلدی نہ کریں۔بلکہ جب تک ایک لفظ کی درست ادائیگی کرنا نہ سیکھ لیں۔اگلا سبق شروع نہ کریں۔

☆جو سبق آپ نے سیکھ لیا ہے۔کسی علم تجوید کے ماہر کو سنائیں اگر وہ o.k کردیں۔تو اگلا سبق شروع کریں۔

☆اگر علم تجوید کے ماہر سے استفادہ ممکن نہ ہو تو پھر اپنی آواز کو ٹیپ ریکاڈر یا کمپیوٹر وغیرہ میں ریکارڈ کریں اور سنیں۔اگر آپ کے الفاظ کی ادائیگی معلم تجوید کے ساتھ دی گئی CD & DVD میں قاری صاحب کی آواز کی طرح ہے۔تو اگلا درس شروع کریں ۔ورنہ پھر مشق کریں۔

☆درس شروع کرتے وقت پہلے سابقہ درس کو ضرور دہرالیں۔

☆دروس دہرانے کا طریقہ یہ ہے کہ جو درس آپ پہلے پڑھ رہے ہوں۔اس کی اچھی طرح مشق کرنے کے بعد اسے دس دفعہ دہرائیں ۔اگلے روز جب درس شروع کریں۔تو پچھلے درس کو 9 دفعہ دہرائیں۔اسی طرح تیسرے روز کا درس پڑھیں تو اس سے پہلے سابقہ دروس کو 8 دفعہ، 9 دفعہ اور اسی روز کے درس کو 10 دفعہ دہرائیں۔گویا جب بھی نیا درس شروع کریں تو سابقہ دروس کو 9 دفعہ، 8 دفعہ، 7 دفعہ، 6 دفعہ، 5 دفعہ، 4 دفعہ، 3 دفعہ، 2 دفعہ، 1 دفعہ اسی ترتیب سے ضرور دہرائیں۔یاد رکھیں دروس میں CD & DVD کا استعمال ضرور کریں۔ورنہ مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل ہوگا۔

☆ ہر روز کے درس کی مشق اور سابقہ دروس کی مشق پر ایک گھنٹہ سے ڈیڑھ گھنٹہ تک وقت صرف ہوگا۔

اور صرف ۲۴ دن کی تھوڑی سی مدت میں آپ تجوید سے قرآن مجید پڑھنا سیکھ لیں گے۔

☆ جب بھی درس شروع کریں تو پہلے وضو کرلیں۔ کیونکہ قرآن کے الفاظ کو بغیر وضو کے ہاتھ لگانا حرام ہے۔

☆ معلم تجوید کا حصہ دوم آپ کے لیے اس وقت مفید ہوگا اگر آپ قرآن مجید ناظرہ پڑھنا جانتے ہوں۔ اگر آپ قرآن مجید کو بالکل بھی پڑھنا نہیں جانتے۔ تو آپ مصباح الدجی یونیورسٹی کا شائع کردہ معلم تجوید حصہ اول مع CD & DVD سے ضرور استفادہ کریں جس کے مطالعہ سے آپ صرف 15 دن کی کوشش سے اللہ کی کتاب قرآن مجید، نماز اور محمد و آل محمد علیہم السلام کی تعلیم کردہ دعائیں با آسانی پڑھ سکیں گے۔ اس کے بعد علم تجوید میں مہارت حاصل کرنے کے لیے معلم تجوید حصہ دوم شروع کریں۔

☆ نماز اور دعاؤں کی درست ادائیگی کے لیے مصباح الدجی یونیورسٹی نے نماز اور دعاؤں کی CD & DVD بھی جاری کی ہیں۔ ان کی مدد سے آپ کے بچے ایک ہفتہ یا دو ہفتوں کی مشق سے درست نماز پڑھنا اور دعاؤں کی تلاوت کرنا سیکھ لیں گے۔

☆ اگر پھر بھی درس کے دوران آپ کو کوئی مشکل محسوس ہو تو مصباح الدجیٰ یونیورسٹی سے رابطہ کریں۔

درس 1

ترتیل وتجوید سے اگاھی اوران کی اھمیت

ترتیل

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا

☆ترتیل کیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام سے ترتیل کے بارے میں سوال ہوا تو آپ نے فرمایا: ترتیل حروف قرآن مجید کو صحیح ادا کرنا اور وقف و وصل (ٹھہرنے اور ملانے) کی مکمل معلومات کا نام ہے۔

ھدف

1. تجوید سیکھنے کا مقصد قرآن کریم کے حروف وکلمات کو صحیح اور بہتر ادا کرنا ہے۔
2. تجوید کا ایک اور مقصد نماز کی صحیح ادائیگی ہے۔

(یہ بات ہم سب جانتے ہیں کہ نماز میں آیات کی ادائیگی صحیح تلفظ کے ساتھ بہت ضروری ہے)

عربی زبان میں ص اور ط کا تلفظ جیسے: صِرَاطَ

اور ذال کا تلفظ جیسے: اَلَّذِیْنَ

(علم تجوید ہمیں سکھاتا ہے کہ ان حروف کو کس طرح ادا کریں۔ اکیلے، ایک ایک لفظ یا مکمل جملے)

تجوید

قرآن کے حروف وکلمات کو اچھی طرح ادا کرنے کا نام ہے۔ البتہ تجوید کی علمی لحاظ سے مختلف تعریفیں ہوئی ہیں مثلاً اِعْطَاءُ الْحُرُوْفِ حَقَّهَا وَمُسْتَحَقَّهَا۔ (حروف کو جیسا اس کا حق ہے ادا کرنے کا نام تجوید ہے)

حق حرف

حرف کا حق یہ ہے کی ہر حرف کو اس کے اصل تلفظ سے ادا کیا جائے اور اس طرح ادا کیا جائے کہ جس طرح ادا ہونا اس کا حق ہے۔

مستحق حرف

مستحق حرف یہ ہے کہ حرف کے تلفظ کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ قرأت وتجوید کے قواعد و احکام کی درستگی کی جائے۔ جو جملوں کی خوبصورتی کا باعث بنتے ہیں جیسے **تفخیم** یا **ترقیق** یا دوسرے قواعد وضوابط۔ جن کا ذکر انشاءاللہ بعد میں آئے گا۔

اَلْاِمَامُ الصَّادِقُ (ع)

قَالَ الْاِمَامُ الصَّادِقُ عَلَیْہِ السَّلَام

یَنْبَغِیْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ لَایَمُوْتَ حَتّٰی یَتَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ اَوْیَکُوْنَ فِیْ تَعَلُّمِہِ

مومن کے لیے ضروری ہے کہ اس دنیا سے اس حالت میں جائے کہ قرآن سیکھ چکا ہو یا قرآن سیکھ رہا ہو۔

خود آزمائی

1. حضرت علی علیہ السلام کے نزدیک ترتیل کسے کہتے ہیں؟
2. تجوید کسے کہتے ہیں؟
3. علم تجوید کے اہداف کیا ہیں؟
5. حق حرف اور مستحق حرف سے کیا مراد ہے؟
5. حضرت امام جعفر صادقؑ نے مومن کو کیا نصیحت کی؟

درس 2

اعضاء آواز (پہلا حصہ)

اس چیز پر توجہ رکھتے ہوئے کہ گزشتہ درس میں ہم نے قرآن کے حروف کے صحیح تلفظ کے متعلق گفتگو کی تھی۔ہم یہ بات جانتے ہیں کہ حروف وکلمات کا تلفظ انسان کے جسم کے نظام آواز سے بہت تعلق رکھتا ہے۔اس لیے مناسب یہ ہے کہ عربی کے حروف کے تلفظ سے پہلے نظام آواز کے ارکان کو جان جائیں۔اس درس میں نظام آواز کے اعضاء کے متعلق گفتگو کریں گے۔

نظام آواز

پھیپھڑے (Lungs): یہ دراصل دوحصوں پر مشتمل ہوتے ہیں اوران کی بناوٹ اسپنج (Sponge) کی طرح ہوتی ہے اور یہ سینے کے اندر ہوتے ہیں۔یہ درحقیقت تلفظ یا سانس لینے کا کام انجام دیتے ہیں۔لیکن یہ ہوا کا ایک ذخیرہ ہے۔وہی ہوا آواز کے لیے اصلی ترین ضرورت ہے۔سانس لینے کے عمل کے دوران ہوا پھیپھڑوں کے اندر جاتی ہے اور سانس خارج کرتے وقت ہوا خارج ہوتی ہے اس پورے عمل کو تنفس کہا جاتا ہے۔

ہوا کے خارج ہوتے وقت حروف کی ادائیگی عمل میں آتی ہے لہذا یہ بات کہنا درست ہوگا کہ آواز کا اصلی ترین عنصر ہوا ہے۔جو نظام آواز سے گزرتے وقت یا زخرہ سے ہوتے ہوئے آواز کی لہروں کو ایجاد کرتی ہے۔جو آواز کے پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔

پھیپھڑے	تنفس میں سانس لینے کا عمل
	

نرخرہ (یعنی حلقوم، گلے کی نالی)

حلقوم یا نرخرہ : آواز کے پیدا کرنے میں پیچیدہ ترین عضو نرخرہ ہے۔

آواز کے تار: نرخرہ کے اندر آواز کی تار موجود ہیں آواز کی لہروں کے ذریعے نرخرے میں آواز پیدا کیا جاتا ہے آواز کے تار درحقیقت دو عضلاتی پردے ہیں یہ بہت نازک اور باریک ہیں۔ مگر کشادہ اور افقی صورت میں نرخرے کے اندر موجود ہیں۔



اس تصویر میں نرخرے اور اس میں موجود آواز کے تاروں کا اچھی طرح مشاہدہ کریں۔ آواز کے تار کا کام یہ ہے کہ بہت سے الفاظ کے تلفظ کے وقت مستقل کھلتے اور بند ہوتے رہتے ہیں یا دوسری صورت میں، جب ہوا پھیپھڑوں سے خارج ہوتی ہے تو حنجرہ (حلق کی نالی یا گلے) سے گزرتے وقت آواز کے تاروں کو حالت ارتعاش (تھرتھراہٹ) میں لاتی ہے جس کی وجہ سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

حلق



یہ وہ خالی فضا ہے۔جس کا نچلا حصہ نرخرہ سے شروع ہوتا ہے اور اوپر کا حصہ حلق کے کوے تک چلا جاتا ہے حلق بہت سے حروف کے تلفظ کا سبب ہے۔

زبان



یہ گوشت کا ایک نرم عضو ہے جس میں انعطاف (جھکنا، پھرنا) اور حرکت کی بہت زیادہ صلاحیت ہوتی ہے زبان گفتگو کرنے اور مختلف حروف کے تلفظ میں زیادہ اہمیت کی حامل ہے اور بعض حروف کے تلفظ میں زبان بہت زیادہ تعلق رکھتی ہے۔

اعضاء آواز (دوسرا حصہ)

زبان کے مختلف حصوں پر توجہ کریں۔زبان کا کونہ جسے عربی میں **طَرَفُ اللِّسَان** کہتے ہیں زبان کا یہ حصہ مختلف قسم کی حرکتوں کے ذریعے بعض حروف کے تلفظ کا باعث ہوتا ہے۔

زبان کا درمیانی حصہ یا **وَسَطُ اللِّسَان**۔زبان کے آخری حصے کو **اَقْصَی اللِّسَان** کہا جاتا ہے۔زبان کے دو طرف ہوتے ہیں ایک دائیں طرف یعنی سیدھی طرف **(حافة اللسان)** اور دوسری بائیں طرف یعنی الٹی طرف۔



اقصی اللسان



حافة اللسان

لب (یعنی ہونٹ)



ہونٹ حروف کے تلفظ میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہونٹوں کی مختلف حرکات کے ذریعے بعض الفاظ ادا ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ آواز کو منظّم اور تبدیل کرنے میں بھی ہونٹوں کا بڑا کردار ہے۔

خیشوم (یعنی ناک کا خلا)

ناک کے اوپر بازکی نالی (کشادہ نالی) کو خیشوم کہتے ہیں۔ خیشوم کا ایک حصہ ناک کے سوراخ سے شروع ہوتا ہے اور اس کا دوسرا حصہ حلق سے ملتا ہے۔ ہوا خیشوم سے گزرتی ہے۔ اور ہوا کا اس سے گزرنا بعض حروف کو پیدا کرتا ہے جیسے (م) میم کی آواز خشیوم سے سنی جاتی ہے۔

دانت



بعض حروف کا تلفظ دانتوں سے وابستہ ہے۔ لہذا مناسب ہے کہ ان دانتوں کے نام اور ان کی جگہوں کے متعلق کچھ گفتگو کرلیں:

ہر انسان کے دانتوں کی کل تعداد بتیس ہوتی ہے۔ جو دو

حصوں میں تقسیم ہے ایک اوپر کا جبڑا۔ اور دوسرا نیچے کا جبڑا۔ ہر حصے میں سولہ دانت ہوتے ہیں۔ ان دانتوں کو اگر دو آٹھ آٹھ کے حصوں میں تقسیم کیا جائے اور ان کو نام دیے جائیں تو ہر دانت اور اس کے مقابل والا دانت ایک ہی نام کا ہوگا۔

ثنایا (اس کا واحد الثنیہ ہے): سامنے کے دانت جنہیں ثنایا کہتے ہیں۔ دہن کے سامنے کے حصے میں اور ناک کے بالکل نیچے ہر جبڑے میں دو دو دانت ہیں ان کے نام ثنایا ہیں۔

رباعیات: سامنے کے دانتوں کے بعد جو دانت ہیں ان کو رباعیات کہتے ہیں اور ثنایا دانتوں کے بعد ہوتے ہیں۔

انیاب (کچلی کے دانت): رباعیات دانتوں کے بعد انیاب دانت ہیں انیاب دانت وہی تیز دانت ہیں جن کا ابتدائی حصہ ابھرا ہوا ہے۔

ضواحک (اس کا واحد ضاحکۃ ہے وہ دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں): انیاب کے بعد ضواحک ہوتے ہیں۔

طواحن (اس کا واحد طاحنۃ ہے یعنی داڑھ): ضواحک کے بعد طواحن ہیں۔ ان کی کل تعداد بارہ ہوتی ہے۔

عقل دانت یا نواجِذ (اس کا واحد ناجذ ہے یعنی وہ داڑھ جو بالغ ہونے یا کمال عقل کے بعد نکلتی ہے): آخری دانت جس کو عقل دانت یا نواجذ کہتے ہیں جو تمام دانتوں سے دیر میں نکلتا ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (ص)

خَيْرُ كُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ

تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو سیکھائے۔

خودآزمائی

1. عمل تنفس سے کیا مراد ہے؟

2. نظام آواز میں پھیپھڑے، نرخرہ، آواز کے تار، حلق اور زبان کا کیا کردار ہے؟

3. طرف للسان، وسط اللسان، اقصی اللسان اور حافة اللسان کے معانی تحریر کریں؟

4. حروف کے تلفظ میں ہونٹوں اور خشیوم کا کیا کردار ہے؟

5. خشیوم کسے کہتے ہیں؟

6. درج ذیل دانتوں کے ناموں کی وضاحت کریں؟

(i) ثنایا (ii) رباعیات (iii) انیاب

(iv) ضواحک (v) طواحن (vi) عقل دانت یا نواجذ

7. قرآن کی تعلیم کے متعلق حضورؐ کی حدیث بیان کریں؟

درس 3

تلفظ حرف (ع ح غ)

تلفظ حرف (ع)

ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ ہوا جب حلق کے درمیانی حصہ میں پہنچتی ہے اور حلق کے تنگ ہونے کے ساتھ "ع" تلفظ ہوتا ہے۔



اِیَّاکَ نَعۡبُدُ نَعۡبُدُ

مَعِیَ نَسۡتَعِیۡنُ

اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ

اَعۡلٰی عَسۡعَسَ

وَالَّیۡلِ اِذَا عَسۡعَسَ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ

(سورة یٰسٓ آیت 60)

اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَیۡكُمۡ یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ج

اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ ۝

تلفظ حرف (ح)

حرف "ح" کا تلفظ : پھیپھڑوں سے خارج ہونے والی ہوا۔آواز کے تاروں کو چھوئے بغیر زخرے سے گزرتی ہے۔وسط حلق کے تنگ ہونے کے ساتھ۔ہوا، زخرے سے گزرتی ہے اور "ح" تلفظ ہوتا ہے۔

اس تصویر میں دیکھیں کہ حرف ح کے تلفظ ہونے کی جگہ۔جب پھیپھڑوں سے ہوا خارج ہورہی ہے تو وسط حلق کے تنگ ہونے کے ساتھ ہوا زخرے سے گزرتی ہے اور ح تلفظ ہوتا ہے۔



رَحۡمٰنِ رَحِیۡمِ

حَافِظُوۡا اَلۡحَمۡدُ

اَحَدٌ زُحۡزِحَ

فَمَنۡ زُحۡزِحَ عَنِ النَّارِ

فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ

(سورة یٰسٓ آیت12)

اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَنَكۡتُبُ مَاقَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَهُمۡ ط وَكُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَیۡنٰهُ فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ o

تلفظ حرف (غ)

حرف ''غ'' کا تلفظ: ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے۔اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔اور ہوا حلق کے ابتدائی حصہ سے خارج ہوتی ہے اور حلق کا یہ حصہ تنگ ہو جاتا ہے جس کے ذریعے حرف ''غ'' کا تلفظ ہوتا ہے اس تصویر میں حرف غ کے تلفظ کی جگہ کو دکھایا گیا ہے۔

اَلْمَغْضُوْبِ	اَغْلَالًا	
غَفُوْرٌ	فِی الْغَارِ	
غِلٍّ	اِغْفِرْ	
لَا يَغْتَبْ		



(سورۃ یٰسٓ آیت 8,9)

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ٥ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ٥

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (ص)

عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ

حتی الامکان قرآن کی تلاوت زیادہ سے زیادہ کرو۔

خود آزمائی

۱۔حرف ''ع'' کے تلفظ کا مقام بتائیں اور مثالیں دیں؟

۲۔حرف ''ح'' کے تلفظ کا مقام کیا ہے اور مثالیں دیں؟

۳۔حرف ''غ'' کا تلفظ کیا ہے مثالیں دیں؟

۴۔قرآن کی تلاوت کا حضورؐ نے کیا حکم دیا؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟

☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟

☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟

☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس 4

تلفظ حرف (ض ط ص)

تلفظ حرف (ض)

حرف "ض" کا تلفظ: ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ اور اس موقع پر زبان کے کنارے کو اوپر والی داڑھ کے کناروں پر لگائیں اور زبان کا پچھلا حصہ اوپر کی طرف لائیں اس طرح "ض" کو موٹا پُر ادا کیا جاتا ہے۔

اب تصویر پر غور کرتے ہیں کہ "ض" کے تلفظ کے وقت زبان کی کیا حالت ہوتی ہے اور کس طرح دانتوں سے لگ کر جدا ہوتے وقت "ض" کی آواز نکلتی ہے۔

فَضْلًا	فَضْلِهٖ
ضَامِرٍ	اَرْضِی
يَغُضُّوا	وَلَا الضَّآلِّيْنَ



ض

(سورة یٰسٓ آیت 33,32)

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ٥

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا

وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ٥

تلفظ حرف (ط)

حرف "ط" کا تلفظ : ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے اور اسی وقت زبان کا ابتداء حصہ ثنایا دانتوں کی جڑ یا مسوڑوں سے ٹکراتا ہے اور "ط" کی آواز تلفظ ہوتی ہے۔

اب ہم زبان کی حالت کو حرف ط کے تلفظ کے وقت دیکھتے ہیں۔ زبان کا سرا مسوڑوں اور ثنایا دانتوں کے پیچھے حرکت کرتا ہے۔ اور جدا ہوتے وقت "ط" کی آواز سنائی دیتی ہے۔ زبان کے آخری حصہ کی طرف توجہ کریں۔ کہ یہ حالت آواز کے موٹے ہونے کا سبب بنتی ہے۔



طَیِّبِ　　طَالُوْتَ

اَطِیْعُوْا　　شَطَطًا

شَیْطَانَ　　یَسْتَطِیْعُ

(سورۃ یٰسٓ آیت 18)

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَھُوْا لَنَرْجُمَنَّکُمْ وَلَیَمَسَّنَّکُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝

تلفظ حرف (ص)

حرف "ص" کا تلفظ : پھیپھڑوں سے خارج ہونے والی ہوا۔ آواز کے تاروں کو چھوئے بغیر نرخرے سے گزرتی ہے۔ اور زبان کا ابتدائی حصہ ثنایا دانتوں کے سامنے آکر ایک تنگ مخرج بناتی ہے جس سے "ص" کی صحیح آواز ادا ہوتی ہے۔

اب تصویر میں "ص" کے ادا ہوتے وقت زبان کی حالت کو مشاہدہ کرتے ہیں۔

زبان کا ابتدائی حصہ ثنایا جو دانتوں کے سامنے ہوتا ہے اور بقیہ زبان اوپر کی طرف لگتی ہے۔ تاکہ لفظ کو پُرادا کیا جاسکے۔



صَلَحَ صَالِحِيْنَ

صَابِرًا صِيَامٍ

تَصِيْرُ تَصُوْمُوْا

صِرَاطَ اَللّٰهُ الصَّمَدُ

صَلِّ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ

(سورة یٰسٓ آیت 12)

اِنَّانَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَاقَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ط

وَكُلَّ شَىْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِىْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ o

قال رسول الله (ص)

مَااٰمَنَ بِالْقُرْاٰنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ

قرآن پر وہ شخص ایمان نہیں لایا۔ جو قرآن کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کرے۔

خودآزمائی

1. حرف ''ض'' کا تلفظ کیا ہے مثالیں دیں؟

2. حرف ''ظ'' کا تلفظ کیا ہے مثالیں دیں؟

3. حرف ''ص'' کا تلفظ کیا ہے مثالیں دیں؟

4. فرمان رسولؐ کے مطابق قرآن پر کون شخص ایمان نہیں لایا؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟

☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟

☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟

☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس5

تلفظ حرف (ذ ث ظ و)

تلفظ حرف (ذ)

ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے تو نرخرے سے گزرتے ہوئے آوازوں کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے اور اس وقت زبان کا ابتدائی حصہ اوپر کے ثنایا والے دانتوں کو چھوتا ہے تو حرف ''ذ'' تلفظ ہوتا ہے حرف ''ذ'' کا تلفظ کرتے وقت زبان کی حالت کا مشاہدہ کرتے ہیں۔



ذ

هٰذَا ذٰلِكَ

اَلَّذِيْنَ ذُبَابًا

اگر ''ذ'' کا تلفظ کرتے وقت پیش موجود ہو تو لازمی طور پر کوشش کریں کہ آواز موٹی نہ ہو سکے

لَذُوْ عِلْمٍ ذُوْمِرَّةٍ

يَذَّكَّرُوْنَ يَذْكُرُوْنَ

مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ

(سورۃ یٰسٓ آیت10)

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ٥

تلفظ حرف (ث)

حرف "ث" کا تلفظ : پھیپھڑوں سے خارج ہونے والی ہوا آواز کے تاروں کو چھوئے بغیر نرخرے سے گزرتی ہے اور اس حالت میں زبان کا ابتدائی حصہ اوپر والے ثنایا کے سروں پر لگتا ہے اور حرف "ث" کا تلفظ ہوتا ہے

اب حرف کے تلفظ کے وقت زبان کو دیکھتے ہیں زبان کا کونہ اوپر والے سروں کے ثنایا کو لگ رہا ہے "ث" کی آواز کمزور اور ہلکی سنائی دے گی۔



ثَمَرَةٍ	ثَمَّ
بَثِّیْ	ثُمَّ
مَنْثُوْرًا	مَثْبُوْرًا

(سورة یٰسٓ آیت14)

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَیْهِمُ اثْنَیْنِ فَکَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَیْکُمْ مُّرْسَلُوْنَ ٥

تلفظ حرف (ظ)

حرف "ظ" کا تلفظ: ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ زبان کا ابتدائی حصہ اوپر کے ثنایا کے سروں سے ٹکراتا ہے اور "ظ" کی آواز سنائی دیتی ہے۔ اب ہم حرف "ظ" کے تلفظ کے وقت زبان کو دیکھتے ہیں زبان کا کونہ اوپر والے ثنایا سے لگ رہا ہے۔ اور بقیہ زبان اوپر کی طرف مائل ہوتی ہے تاکہ حرف "ظ" کی آواز موٹی ادا ہو سکے۔



ظَنَّ ظَالِمِیْنَ

"ظ" کی پُر اور موٹی آواز پر توجہ دیتے ہیں

ظِلًّا اَلظُّنُوْنَا

مَظْلُوْمًا عَظِیْمٌ

(سورة یٰسٓ آیت49)

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ

وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ٥

تلفظ حرف (و)

حرف "و" کا تلفظ : ہوا جب پھیپھڑوں سے نکلتی ہے اور نرخرے سے گزرتے ہوئے آواز کے تاروں میں ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ اور اسی وقت ہونٹوں کو گول کر کے "وْ" کی آواز نکالی جاتی ہے۔

وَلَدَ وَرِثَ

البتہ عربی کے تلفظ کے ماہرین کے بقول اس وقت حرف واو کو ادا کرنے میں زبان کے آخری حصے اور حلق کا بھی بہت دخل ہوتا ہے۔ لیکن لفظ کی ادائیگی ہونٹوں کے ذریعے انجام پاتی ہے۔

اَلْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ فَوَسْوَسَ

وَوَالِدٍ وَّمَاوَلَدَ وَوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ

(سورۃ یٰسٓ آیت69,68)

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ط

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ٥ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ط

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ٥

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (ص)

اَشْرَافُ اُمَّتِىْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ

میری امت کے بہترین لوگ وہ ہے جو قرآن پر عمل پیرا ہیں۔

خود آزمائی

1. حرف ''ذ'' کا تلفظ بتائیں اور مثالیں دیں؟

2. حرف ''ث'' کا تلفظ بتائیں اور مثالیں دیں؟

3. حرف ''ظ'' کا تلفظ بتائیں اور مثالیں دیں؟

4. حرف ''ژ'' کا تلفظ بتائیں اور مثالیں دیں؟

5. حضورؐ نے امت کے بہترین لوگوں کی کیا علامت بیان فرمائی؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟

☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟

☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟

☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس6

مقایسہ حروف (پہلا حصہ)

حروف کا موازنہ کرنا یا فرق واضح کرنا۔

أ ع

حروف ہمزہ و عین کا تلفظ: اردو زبان میں ہمزہ اور عین کا زیادہ فرق نہیں رہتا۔ مگر عربی میں ان دونوں حروف کے تلفظ میں بڑا فرق ہے۔ اور یہ دو حروف، دو الگ الگ آواز کے مالک ہیں۔ (ہمزہ اور عین کے تلفظ میں آواز کے فرق پر توجہ کریں)

أَلَا عَلَا

(یہ کلمہ الف کے ذریعے لکھا گیا ہے اور جو در حقیقت ہمزہ ہے الا یعنی آگاہ ہو جاؤ)

(''علا'' برتری کے معنی میں آتا ہے اور یہ فعل ماضی ہے)

مقایسہ حروف ''س'' اور ''ص'' کا فرق

عَسٰی عَصٰی

(''س'' سے اس کے معنی امید ہیں یا شاید) (ص سے یعنی نافرمانی کی)



ہم دیکھ رہے ہیں کہ ان حروف کے تبدیل ہونے سے کلمہ کا معنی بالکل تبدیل ہو جاتا ہے۔ عَسٰی ''س'' کی آواز ہلکی اور باریک سنائی دے گی عَصٰی ''ص'' کی آواز موٹی اور پر سنائی دے گی ''ص'' کے تلفظ کے وقت زبان کی کیفیت پر توجہ دیں۔

مقاسیه حروف "ظ" اور "ض"



ض

ظَلَّ

ضَلَّ



ظَلَّ " ظ "سے یعنی ہو گیا۔

(حروف "ظ" زبان کے سرے کے اوپر والے ثنایا دانتوں سے ٹکرانے کی صورت میں تلفظ ہوتا ہے)

ضل "ض" سے یعنی گمراہ ہو گیا۔

(حروف "ض" زبان کے اطراف یا کناروں کا اوپر والی داڑھ کے کناروں سے ٹکرانے کی صورت میں تلفظ ہوجاتا ہے)

مقاسیه حروف (دوسرا حصہ)

حروف کا فرق۔اس درس میں باقی حروف کے تلفظ کے فرق پر توجہ کریں۔

"ذ" اور "ظ" کا فرق : ذال کے تلفظ کے وقت زبان کی حرکت کا مشاہدہ کریں۔

ذ



ذٰلِكَ

ظَالِمٌ



ذٰلِکَ میں ذال کی آواز باریک تلفظ ہوتی ہے ذال کے تلفظ کے وقت زبان کی حرکت کا مشاہدہ کریں۔

(لفظ ظالم میں "ظ" کی آواز پر تلفظ ہوتی ہے)

اب "ظ" والی اس حالت کو ذال والی حالت سے موازنہ کریں۔یہ ذال کی آواز سے شدید تر تلفظ ہوتی ہے۔

(سورۃ یٰسٓ آیت49)

مَا يَنظُرُونَ اِلَّا صَيۡحَةً وَّاحِدَةً تَاۡخُذُهُمۡ وَهُمۡ يَخِصِّمُوۡنَ ٥

مقاسیہ حروف ''ت''اور ''ط'' کا فرق

تَابَ طَابَ



''تاب''میں حرف تا کی آواز نازک ادا ہوتی ہے۔

اب تا کی آواز کو طا کی آواز کے ساتھ ملاحظہ کریں۔

حرف طا کے تلفظ کے وقت زبان کی حالت پر توجہ کریں۔

''طا'' آواز کے لحاظ سے ''تا'' سے قوی تر ہے۔

(سورہ یٰسٓ آیت18)

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ o

مقاسیہ حروف ''ہ'' اور ''ح'' کا فرق

مُحسِنِینَ مُهتَدِینَ

مُحسِنِینَ ''ح'' کی آواز حلق کے درمیانی حصے سے گھٹی گھٹی دکھائی دیتی ہے۔

مُهتَدِینَ ''ہ'' کی آواز آدھی اور معمولی طور پر حنجرہ سے ہوا کے گزرنے کی وجہ سنائی دیتی ہے۔

مقاسیہ حروف '' ق '' اور ''غ '' کا فرق

اَقْلَام

اَغْلَام



اَقْلَام ''ق'' کے تلفظ کے وقت زبان کی حالت پر توجہ کریں۔''ق'' کی آواز شدت کے ساتھ ادا ہوتی ہے اور اچانک منقطع ہو جاتی ہے۔

اَغْلَام ''غ'' کی آواز جریان رکھتی ہے اور اچانک منقطع نہیں ہوتی۔ ''غ'' کے تلفظ کے وقت نظام آواز کی حالت کا مشاہدہ کریں۔

قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ(ص)

لَا یُعَذِّبُ اللّٰہُ قَلْبًا وَعَی الْقُرْاٰنَ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو عذاب نہیں کرتا جس کے قلب میں قرآن ہو۔

خود آزمائی

1. مقاسیہ حروف سے کیا مراد ہے؟
2. حرف ''اَ'' اور ''ع'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
3. حرف ''س'' اور ''ص'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
4. حرف ''ظ'' اور ''ض'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
5. حرف ''ذ'' اور ''ظ'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
6. حرف ''ت'' اور ''ط'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
7. حرف ''ہ'' اور ''ح'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
8. حرف ''ق'' اور ''ع'' کے تلفظ کا فرق بتائیں اور مثالیں دیں؟
9. فرمان رسولؐ کے مطابق خدا کس شخص کو عذاب نہیں کرتا؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟

☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟

☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟

☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس 7

صفات حروف : استعلاء ، قلقلہ

استعلاء (بلندی چاہنا)

(ان حروف کو حروف استعلاء کہا جاتا ہے)

خ ص ض ط ظ غ ق

حروف استعلاء: پُر اور موٹی آواز کے ساتھ تلفظ ہوتے ہیں یعنی یہ حروف تفخیم کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں۔ تفخیم کے معنی حروف کو پُر آواز کے ساتھ پڑھنے کے ہیں۔

خَالِقٌ صَالِحٌ

طَالُوْتُ غَافِرِ

ظَالِمٌ

(سورہ یٰسٓ آیت 47)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ

كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

ترقیق

ان حروف (حروفِ استعلا) کے علاوہ بقیہ حروف باریک آواز سے پڑھے جاتے ہیں یعنی ترقیق سے پڑھے جاتے ہیں:

بَاب   تَابَ

اب حروف ''تا'' اور ''طا'' کو پڑھ کر ان کا موازنہ کرتے ہیں۔

تَابَ   طَابَ

جَآءَ

اس بات پر توجہ کریں کہ مندرجہ ذیل آیت میں صرف قاف استعلاء سے پڑھا جائے گا جبکہ بقیہ حروف نازک اور باریک آواز سے پڑھے جائیں گے۔

(سورہ یوسف آیت 11)

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَالَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ

قلقلہ

(لعنی حرف ساکن کی آواز کو ظاہر کرنا، حرف ساکن کو اس کے مخرج میں شدت سے ہلانا)

حروف قلقلہ یہ ھیں: (ق　ط　ب　ج　د)

لفظ کے آخر میں قلقلہ : کبھی حروف قلقلہ کلمے کے آخر میں ہوتا ہے اس صورت میں حرف قلقلہ یا حرف ساکن پوری طرح ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے قاف ساکن مثلاً

قاف ساکن مثلاً: **اَلْحَرِیْق**　　قاف ساکن مثلاً **اَسْوَاق**

طائے ساکن مثلاً: **مُحِیْط**　　بائے ساکن مثلاً **مَتَاب**

جیم ساکن مثلاً: **بَهِیْج**　　دال ساکن مثلاً **حَمِیْد**

لفظ کے درمیان قلقلہ: کبھی حروف قلقلہ کلمے کے درمیان ہوتا ہے۔ ایسے موقع پر اس حرف ساکن کا اظہار اچھی طرح نہیں ہو پاتا۔

مثلاً قاف ساکن: **اَقْسَمُوْا**　　مثلاً طائے ساکن: **اَطْعَمَهُمْ**

مثلاً بائے ساکن: **عَبْدًا**　　مثلاً جیم ساکن: **اَجْمَعُوْا**

مثلاً دال ساکن: **اَدْبَرَ**

لفظ مشدد میں قلقلہ: **وَتَبّ**　　**تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ**

(لعنی تشدید والے کلمے میں قلقلہ)　**اَلْحَقّ**　　**اَلْحَجّ**

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه (ص) **مَا اٰمَنَ بِالْقُرْاٰنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ**

قرآن پر وہ شخص ایمان نہیں لایا جو قرآن کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کرے۔

خود آزمائی

1. حروف استعلاء سے کیا مراد ہے اور کون کون سے ہیں؟
2. تفخیم اور ترقیق کا فرق واضح کریں؟
3. قلقلہ سے کیا مراد ہے اور وہ کون کون سے ہیں؟
4. لفظ کے آخر، درمیان اور مشدد میں قلقلہ کی مثالیں دیں؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟
☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟
☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟
☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس 8

احکام نون ساکن و تنوین

نون ساکن وتنوین کے احکام: جب بھی نون ساکن اور تنوین حروف الف با (یعنی حروف تہجی) سے پہلے آتی ہے۔ان چار حکموں میں سے کوئی ایک حکم رکھتی ہے۔

1. اِدْغَام 2. اِظْھَار 3. اِقْلَاب 4. اِخْفَاء

اِدْغَام (پہلا حصہ)

آج کے درس میں ادغام کے متعلق گفتگو کریں گے۔ادغام یعنی دو حروف کو ایک دوسرے کے اندر ملا کر تلفظ کرنا۔

مَنْ یَعْمَلُ مَیَّعْمَلُ

تلفظ کے وقت نون حذف ہو جاتا ہے اور "یا" کو تشدید کے ساتھ تلفظ کیا جاتا ہے۔

جب بھی نون ساکن یا تنوین حروف یرملون (ی ر م ل و ن) سے پہلے واقع ہو۔

ادغام ہوتا ہے۔حروف یرملون یہ ہیں۔

ی ر م ل و ن یَرْمَلُوْن

حرف یائے سے پہلے نون ساکن کا ادغام: **مَنْ یَعْمَلُ مَیَّعْمَلُ**

حرف میم سے پہلے نون ساکن کا ادغام: **مِنْ مَآءٍ مِمَّآءٍ**

حرف یائے سے پہلے نون ساکن کا ادغام: **مَنْ یَقُوْلُ مَیَّقُوْلُ**

حرف را سے پہلے نون ساکن کا ادغام: **مِنْ رَّبِّھِمْ مِرَّبِّھِمْ**

حرف میم سے پہلے نون ساکن کا ادغام: مِنۡ مَالٍ مِّمَّال

حرف نون سے پہلے نون ساکن کا ادغام : مِنۡ نِعۡمَةٍ مِنّعۡمَةٍ

یہ الفاظ آپس میں نہیں ملیں گے بلکہ نون ساکن پڑھا جائے گا۔

دُنۡیَا بُنۡیَانٌ صِنۡوَانٍ قِنۡوَانٌ

اس درس میں حروف یرملون سے پہلے تنوین کی صورت میں ادغام کے متعلق گفتگو کرتے ہیں۔

حرف یا میں تنوین کا ادغام: کِتٰبًا یَلۡقٰیهُ کِتَابَیَّلۡقٰیهُ

حرف "ر" میں تنوین کا ادغام: غَفُوۡرٍ رَحِیۡمٍ غَفُوۡرٍ رَّحِیۡمٍ

حرف میم میں تنوین کا ادغام: صِرَاطٌ مُسۡتَقِیۡمٌ صِرَاطٌ مُّسۡتَقِیۡمٌ

حرف لام میں تنوین کا ادغام: هُدًی لِلۡمُتَّقِیۡنَ هُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ

حرف واؤ میں تنوین کا ادغام: جَنّٰتٍ وَعُیُوۡنٍ جَنّٰتٍ وَّعُیُوۡنٍ

حرف نون میں تنوین کا ادغام: یَوۡمَئِذٍ نَاعِمَةٌ یَوۡمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ

احکام نون ساکن و تنوین (حصہ ب)

جب بھی نون ساکن اور تنوین حروف الف با (یعنی حروف تہجی) سے پہلے آتی ہے ان چار حکموں میں سے ایک حکم رکھتی ہے۔

1. اِدْغَام 2. اِظْھَار

2. اِقْلَاب 4. اِخْفَاء

اظھار

جب بھی نون ساکن یا تنوین ان چھ حروف سے پہلے واقع ہو۔ اظہار کیا جاتا ہے وہ چھ حروف یہ ہیں۔ (ء ھ ع ح غ خ)

ہمزہ سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مَنْ ءامَنَ

"ھا" سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مَنْ ھَاجَرَ

عین سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مِنْ عَمَلٍ

حا سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مَنْ حَارَبَ

غین سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مِنْ غَيْرِ

غین سے پہلے نون ساکن کا اظہار: فَسَيُنْغِضُوْنَ

خا سے پہلے نون ساکن کا اظہار: مِنْ خَيْرٍ

خا سے پہلے نون ساکن کا اظہار: اَلْمُنْخَنِقَةُ

اقلاب (قلب به میم : میم سے بدلنا)

نون ساکن یا تنوین کا ایک اور حکم اقلاب یعنی میم میں (تبدیلیاں) بدلنے کے ہیں۔ جب بھی نون ساکن یا نون تنوین حرف ''ب'' سے پہلے واقع ہوں۔ نون ساکن یا تنوین کے بجائے میم پڑھا جائے گا۔

اب ہم اقلاب یعنی میم میں تبدیلی کی چند مثالوں پر توجہ کرتے ہیں:

مِنْ بَعْدِ ← مِنْ م بَعْدِ

مِمْ بَعْدِ (نون ساکن میم میں بدل جائے گا)

غُنَّہ

غنہ وہ آواز ہے جو ناک کی فضا اور خشیوم سے نکلتی ہے۔

(غُنَّہ) ↘

اَنْبِيَاءُ اَمْبِيَاءُ

تنوین بھی با سے پہلے میم میں بدل جاتی ہے :

سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ← سَمِيْعُ بَصِيْرٌ (غنہ پر توجہ کریں)

زَوْجٍ بَهِيْجٍ ← زَوْجِ بَهِيْجٍ (غنہ پر توجہ کریں)

قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہ (ص)

اَهْلُ الْقُرْءَ انِ هُمْ اَهْلُ اللّٰهِ وَخَاصَّتُهُ

اہل قرآن خدا کے اہل اور خاص افراد ہیں

خود آزمائی

1. جب بھی نون ساکن اور تنوین حروف یرملون سے پہلے آتی ہیں تو کیا حکم رکھتی ہے؟
2. ادغام سے کیا مراد ہے؟
3. نون ساکن کر حروف یرملون سے پہلے واقع ہونے کی مثالیں دیں؟
4. وہ کون سے الفاظ ہیں جن میں حروف یرملون نون ساکن کے بعد آتے ہیں لیکن ادغام نہیں ہوتا؟
5. حروف یرملون میں تنوین کے ادغام کی مثالیں دیں؟
6. وہ کون سے حروف ہیں اگر ان سے پہلے نون ساکن یا تنوین آئے تو اظہار ہوتا ہے مثالیں دیں؟
7. اقلاب کا کیا معنی ہے اور یہ کب واقع ہوتا ہے مثال سے واضح کریں؟
8. غنہ کسے کہتے ہیں؟
9. غنہ میں اقلاب کی مثالیں دیں؟

مفید باتیں

☆ کیا آپ نے الفاظ کی ادائیگی کے مقام اور ان کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے؟
☆ کیا آپ نے درس کو کیسٹس سے بھی سنا ہے اور آپ اسی طرح الفاظ ادائیگی کر سکتے ہیں؟
☆ کیا آپ نے اس درس کی مشق اچھی طرح کر لی ہے؟
☆ کیا آپ نے یہ درس شروع کرنے سے پہلے دروس کا اعادہ کر لیا ہے؟

درس 9

اخفاء (چھپانا)

نون ساکن یا تنوین کے احکام

جب بھی نون ساکن اور تنوین حروف ''الف، با'' سے پہلے آتی ہے ان چار حکموں میں سے کوئی ایک حکم رکھتی ہے:

اِدْغَام اِظْهَار اِقْلَاب اِخْفَاء

اخفاء: آج کے درس میں اخفاء کے متعلق گفتگو کریں گے۔

جب بھی بقیہ پندرہ ۱۵ حروف سے پہلے نون ساکن یا تنوین واقع ہوگی تو اخفا کیا جائے گا۔ وہ حروف یہ ہیں

ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ك

اب نون کے اخفا ہونے کی صورت میں بعض مثالوں پر توجہ کریں:

غنہ ↓ ↓ غنہ پر توجہ کریں اخفا ↓

اِنْ كُنْتُمْ ''ت'' سے پہلے نون ساکن کا اِخْفَاء: مُنْتَهُوْنَ

''ث'' سے پہلے نون ساکن میں اِخْفَاء: اُنْثٰى

''ز'' سے پہلے نون ساکن میں اِخْفَاء: اَنْزَلَ

''ج'' سے پہلے نون ساکن میں اِخْفَاء: اَنْجَيْنَا

''ذ'' سے پہلے نون ساکن میں اِخْفَاء: يُنْذِرِ

''دال'' سے پہلے نون ساکن میں اِخْفَاء: عِنْدَ

﴿غنہ کی آواز معمولاً دو حرکت کے برابر ہوتی ہے﴾

''سین'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **اِنْسَانَ**

''ش'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **مَنْشُوْرًا**

''ص'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **مَنْصُوْرًا**

''ض'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **مَنْضُوْدٍ**

''ط'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **یَنْطِقُوْنَ**

''ظ'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **یَنْظُرُوْنَ**

''ف'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **اِنْفِرُوْا**

''ق'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **فَأَنْقَذَكُمْ**

''ک'' سے پہلے نون ساکن میں اِخفَاء: **مِنْكُمْ**

(سورہ یٰسٓ آیت 15)

قَالُوْا مَآ أَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝

اب ان حروف سے پہلے تنوین کی صورت میں اخفاء کی چند مثالوں پر توجہ کریں۔

جَنّٰتٍ تَجْرِی ↑ اخفاء

مَآءً ثَجَّاجًا ↑

''ثا'' سے پہلے تنوین کی صورت میں اخفاء کی چند مثالوں پر توجہ کریں۔

احکام میم ساکن

میم ساکن جب حروف (م، ب) سے پہلے واقع ہوتا ہے۔ یہ تین احکام اجراء ہوتے ہیں:

اِدْغَام اِخْفَاء اِظْهَار

ادغام

اگر میم ساکن، میم سے پہلے آجائے تو ادغام ہوگا:

غنه

اَمْ مَنْ ⟵ اَمَّنْ

ادغام کی صورت میں میم مشدد میں جو غنہ پیدا ہوا ہے اس پر غور کریں: غنه

وَهُمْ مِنْ ⟵ وَهُمِّنْ

اخفاء

میم ساکن کا ایک حکم اخفاء ہے جب بھی میم ساکن حرف ب سے پہلے آئے گا اخفا کیا جائے گا

مثلاً: اَمْ بِهِ

غنّه

اس اخفاء میں غنہ پر توجہ کریں: وَهُمْ بِاٰيٰتِنَا

اِخْفَاء شَفَوی

جب بھی تلفظ اخفاء ہوتا ہے تو لب یا ہونٹوں کی حالت بہت زیادہ موثر ہوتی ہے اور اس اخفاء کو اخفاء شفوی کہتے ہیں:

غنه غنه

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اس مثال میں دو جگہ پر میم ساکن اخفاء ہوگا۔

اظھار

میم ساکن کا ایک اور حکم اظہار ہے جب بھی میم ساکن بقیہ 26 حروف سے پہلے واقع ہوگا مکمل طور پر پڑھا جائے گا یعنی اظہار ہوگا۔

(جب بھی میم ساکن 26 حروف (میم) و (ب) کے علاوہ آئے تو مکمل طور پر اظہار ہوگا)

میم ساکن کے تلفظ پر غور کریں یعنی جس طرح عموما تلفظ کیا جاتا ہے

اظھار ↓ تُمْسُوْنَ　　　اظھار ↓ اَلْحَمْدُ

اظھار ↓↓ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَا

اظھار ↓↓ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ (سورۃ الطور آیت 23)

غنہ

وہ آواز ہے جو ناک کی فضا اور خیشوم سے نکلتی ہے۔

وہ مقامات جن میں غنہ ہوتا ہے ان میں سے ایک نون مشدد ہے۔

اِنَّ ← غنہ نون تشدید کے ساتھ ← اِنَّكُمْ　　　غنہ ↓

اُمَّةٌ ← میم مشد د : غنہ میم تشدید کے ساتھ ← اَمَّا　　　وَهُمْ مِنْ

غنہ ↓ مِنْ قَبْلُ (اخفاء والا نون)　　　غنہ ↓ وَهُمْ بِاٰيٰتِنَا (اخفاء والا میم)

نون ساکن یاتنوین کا ادغام

(حروف یمون ۴ ہیں)

غنہ کا ایک اور مقام وہ ہے جب حروف یمون کی وجہ سے نون ساکن یا تنوین میں ادغام کیا جائے۔

حروف یمون یہ ہیں: ی م و ن

ان حروف میں نون ساکن کا ادغام جو غنہ کے ہمراہ ہے مثلاً

غنّہ ↓

یا میں نون ساکن کا ادغام جو غنہ کے ہمراہ ہے: مَنْ یَعْمَلْ

میم میں نون ساکن کا ادغام جو غنہ کے ہمراہ ہے: مِنْ مَآءٍ

واو میں نون ساکن کا ادغام جو غنہ کے ہمراہ ہے: مِنْ وَلَدٍ

نون میں نون ساکن کا ادغام جو غنہ کے ہمراہ ہے: مِنْ نِعْمَةٍ

قال رسولُ اللہ(ص)

مَا اٰمَنَ بِالْقُرْاٰنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ

قرآن پر وہ شخص ایمان نہیں لایا جو قرآن کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کرے۔

خود آزمائی

1. اخفاء سے کیا مراد ہے؟

2. وہ کون سے حروف ہیں اگر ان سے پہلے نون ساکن یا نون تنوین واقع ہو تو اخفاء کیا جاتا ہے مثالیں دیں؟

